34503-قبرستان سے کانٹے اور دوسرے موذی درخت کاٹنے

سوال

کیا قبرستان سے کانٹے دار اور تکلیف دہ درخت کاٹنے جائز ہیں ؟

پسندیدہ جواب

ان کا کاٹنا ضروری ہے، کیونکہ یہ
قبرستان میں آنے والوں کو تکلیف دیتے ہیں، اور اسی طرح وہ خاردار جھاڑیاں اور درخت
وغیرہ بھی کاٹنے جائز ہیں تاکہ قبرستان کی زیارت کرنے والوں کو راحت اور آرام میسر
ہو، اور تکلیف سے بچ سکیں.

اور کسی شخص کے لیے بھی جائز نہیں کہ
وہ قبروں پر کوئی درخت اور کھجور کی ٹہنی وغیرہ لگائے کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی نے
یہ مشروع نہیں کیا.

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
توان دو قبروں پر ٹہنیاں اس لیے لگائی تھیں کہ انہیں علم ہوا تھا کہ ان دونوں
قبروں والوں کو عذاب ہو رہا ہے، اور اس کے علاوہ مدینہ میں کسی اور قبر پر اور نہ ہی
بقیع میں کوئی ٹہنی وغیرہ نہیں لگائی، اور اسی طرح صحابہ کرام نے بھی ایسا کام نہیں
کیا، تو اس سے یہ علم ہوا کہ یہ ان دو قبروں کے ساتھ ہی خاص ہے، جنہیں عذاب ہو رہا
تھا، اللہ تعالی ہمیں عذاب سے بچا کر رکھے.